Completing Absentee Notes and Notices

اسکول سے غیاب کے رقعوں اور اطلاع ناموں کو مکمل کرنا

والدین اور نگرانوں کے لئے معلومات

اگر آپکا بچہ اسکول سے غیر حاضر ہو تو اسکول کو اس کے بارے میں اطلاع دینا اور اسکا سبب بیان کرنا ضروری ہے

پرنسپل حضرات اس کے قانونی طور پر ذمہ دار ہیں کہ وہ طلبا کی حاضری کا درست ریکارڈ رکھیں

پرنسپل حضرات کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ غیر حاضری کی جو وجوہات بیان کی گئی ہیں اس کے بارے میں فیصلہ کریں کہ وہ جائز ہیں یا نہیں

جہاں بھی ممکن ہو سکے والدین اور نگرانوں کو اس بات کی تلقین کی جاتی ہے کہ غیر حاضری واقع ہونے سے پہلے ہی اس کا سبب بیان کریں

اسکول کے پرنسپل کو یہ حق حاصل ہے کہ والدین اگراپنے بچے کی اسکول سے غیر حاضری کی درخواست دیں تو وہ اسکا سبب پوچھے۔ پرنسپل کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ بچے کی اسکول سے غیر حاضری کی جو وجہ بیان کی گئی ہے اسکی مزید توضیح طلب کرے۔

غیر حاضری کا سبب والدین یا نگران مندرجہ ذیل طریقوں سے بیان کر سکتے ہیں:

اسکول کو رقعہ لکھ دیں، فیکس کریں یا ای میل کر دیں

اسکول کو فون کریں، یا

ذاتی طور پر اسکول تشریف لائیں

ذو زبانی غیر حاضری کے اطلاع نامے

ذوزبانی پر مشتمل تین طرح کے اطلاع نامے دستیاب ہیں جن کے ذریعے آپکے بچے کی اسکول سے غیر حاضری کی اطلاع دی جا سکتی ہے

Absentee note 1 (غیر حاضری کا رقعہ نمبر ۱)
جب بچہ پورے ایک دن کے لئے غیر حاضر ہو تو استعمال کرنا چاہیے

Absentee note 2 (غیر حاضری کا رقعہ نمبر ۲)جب بچہ ایک دن سے زیادہ غیر حاضر ہو تو استعمال کرنا چاہیے

Absentee note 3 (غیر حاضری کا رقعہ نمبر ۳)
جب بچہ ایک دن کے جزوی طورپر غیر حاضر ہو تو استعمال کرنا چاہیے

غیر حاضری کے اطلاع نامے

اگر اسکول کو بچے کی غیر حاضری کا سبب بیان نہیں کیا گیا تو وہ آپکو غیر حاضری کا اطلاع نامہ Absentee Notice بھیج سکتے ہیں۔

پرنسپل حضرات غیر توضیح شدہ غیر حاضری کے وقوع پذیرہونے کے دو دن کے اندر Absentee Notice استعمال کرتے ہیں۔Absentee Notice کو انگریزی میں مکمل کیا جانا ضروری ہے اور غیر حاضری کا سبب بیان کرنے کے بعد اس کو اسکول کے دنوں کے دوران سات کے اندر واپس کرنا ضروری ہے۔

غیر حاضری کی تفاصیل کو مکمل کرنا

غیر حاضری کے رقعے اور غیر حاضری کے اطلاع ناموں کے سیکشن آپکے بچے کی غیر حاضری یا جزوی غیر حاضری کی تفصیل طلب کرتے ہیں

ان سیکشن کو انگریزی میں مکمل کیا جانا ضروری ہے تاکہ اسکول غیر حاضری کے سبب کو جان سکے۔ اس کتابچے میں چند ممکنہ وجوہات کا انگریزی می ترجمہ بیان کر دیا گیا ہے تاکہ اگر انکا اطلاق ہوتا ہو تو آپ انکو کاپی کر سکیں۔

اگر آپکو غیر حاضری کے رقعے اور غیر حاضری کے اطلاع ناموں کوسمجھنے یا انہیں پُر کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہو تو آپ اسکول کو فون کر کے بھی اپنے بچے کی غیر حاضری کا سبب بیان کر سکتے ہیں۔ اگر آپ فون کر دیتے ہیں تو آپ کو تحریری طور پر رقعہ بھیجنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

ٹیلی فون پر ترجمانی

اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت ہو تو ازراہ کرم ادارہ ترجمہ و ترجمانی کو فون نمبر ۴۵۰ ۱۳۱ پر فون کر کے اپنی مطلوبہ زبان کا ترجمان طلب کریں۔ ترجمان اسکول کو فون کرے گا اور اس وقت تک لائن پر رہے گا جب تک آپکی بات چیت جاری رہے گی۔ آپ سے اس خدمت کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

All content copyright
NSW Department of Education

Possible reasons for absence	غیر حاضری کے ممکنہ اسباب
Medical reason:	**طبی اسباب**
Flu	فلو
Stomach-ache	پیٹ کا درد
Diarrhoea	اسہال
Cold	سردی لگنا
Headache/Migraine	سردرد/درد شقیقہ
Strong pain	شدید درد
Fever	بخار
Broken bone	ہڈی کا ٹوٹنا
Vomiting	قے
Infectious illness eg chicken pox	چھوت کی بیماری مثلاً چیچک
Nose bleed	نکسیر
Asthma	دمہ
Rash	کھجلی
Injury	چوٹ
Medical appointment	طبی اپائنٹمنٹ
Dental appointment	دانتوں کی اپائنٹمنٹ
Optometry appointment	بصارت پیمائی کی اپائنٹمنٹ
Physiotherapy appointment	فیزیوتھیراپی کی اپائنٹمنٹ
Specialist appointment	سپیشلسٹ کی اپائنٹمنٹ
Other - I will telephone the school to explain	دیگر۔ میں اسکول کو فون کر کے بیان کروں گا
Family reason:	**خاندانی وجوہات:**
Funeral	جنازہ
Moving residence	نقل مکانی
Arrival or departure of an immediate relative from overseas	سمندر پا ر سے قریبی رشتہ دار کی روانگی یا آمد
Unavoidable involvement in a serious family incident	سنجیدہ خاندانی حادثے میں ناگزیرشمولیت
Other - I will telephone the school to explain	دیگر۔ میں اسکول کو فون کر کے بیان کروں گا
Other reason:	**دیگر وجوہات:**
Misadventure and unforeseen events, eg fire, flood	غیر متوقع اور ناگہانی حالات مثال کے طور پر آگ لگنا، سیلاب
Participation in special event, eg attendance at a religious ceremony	خصوصی واقعے میں شرکت مثلاً مذہبی تقریب میں
Family holiday	خاندانی چھٹیاں
Transport difficulty	ذرائع آمد و رفت میں مشکل
Unavoidable delay	ناگزیر تاخیر
Other - I will telephone the school to explain	دیگر۔ میں اسکول کو فون کر کے بیان کروں گا.